www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com



آغازِ کتاب میں آربری کا لکھا ہوا مقدمہ ہے۔ مترجم ڈاکٹر محمد حسن نے آربری کی بعض فروگزاشتوں پر گرفت کی ہے اور حقائق کے نئے گوشے سامنے لاتے ہیں۔

ابوبکر کلاباذیؒ نے پہلے تیس ابواب میں صوفیا کے عقائد پیش کیے ہیں۔ باب ۳۱ تا ۵۱ میں صوفیا کے مسائل و احوال کا تذکرہ ہے۔ باب ۵۲ تا ۶۳ میں ان کی بعض عبارتوں اور اصطلاحوں کی تشریح ہے اور باب ۶۴ تا ۷۵ میں دوسرے متفرق مسائل پر گفتگو کی ہے۔

تصوف کے موضوع پر یہ کتاب واقعی ایک اہم دستاویز ہے۔ مترجم موصوف اس سے پہلے کئی کتابوں کا ترجمہ کر چکے ہیں اور اس میدان میں خداداد صلاحیتوں کے مالک ہیں۔ ترجمہ شگفتہ اور رواں ہے۔ کتاب کے آخر میں اشاریہ منسلک ہے۔ جس سے کتاب کی اہمیت میں خاصا اضافہ ہوا ہے۔

(ابوشاہد)

---

نام کتاب ---------- طبِ نبوی
مؤلف ---------- حافظ نذر احمد
صفحات : ۲۴۰ ——— قیمت : ۴/۵۰ — ۲/۵
ملنے کا پتہ : مسلم اکادمی نذر منزل ۱۸/۲۹ محمد نگر لاہور

رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کی حیاتِ مقدسہ نوعِ انسانی کے لیے بہترین نمونہ ہے۔ انہوں نے جو کچھ فرمایا اور جو کچھ عملاً کر کے دکھایا دنیا نے آخرکار اسی کو معیار ٹھہرایا۔ آج جبکہ زندگی سے متعلق مختلف پہلوؤں کو الگ الگ نام دے کر تحقیق و انکشافات کے پرچم لہرائے جا رہے ہیں، ماہرین حضور سرورِ کونینؐ کے ارشادات و فرمودات کو حرفِ آخر تسلیم کرنے پر مجبور ہیں۔ سیاست، معاشرت، ہیئت اور طب و صحت غرض ہر علم پہ انتہا حضورؐ کے ارشادات کی تصدیق کرتا ہے۔

طبِ نبوی میں رسولِ مقبولؐ کے ان ارشادات و معمولات کو یکجا کر دیا گیا ہے۔ جو صحت و حفظان سے متعلق ہیں اور اس ایمان و ایقان کے ساتھ پیش کیا گیا ہے کہ اس کو اپنانے سے نہ صرف جسمانی بلکہ نفسیاتی، روحانی امراض بھی دور ہو جاتے ہیں۔ طبِ نبوی کے ابواب پر نظر ڈالنے سے اس کی اہمیت کا اندازہ ہو سکتا ہے۔

صحت و حفظانِ صحت، بیمار اور بیماری کا فلسفہ، علاج و معالجہ اور پرہیز، معالجاتِ نبوی، کھانا اور کھانے کے آداب، پانی پینے کے آداب، آنحضرتؐ کی غذا، نشست و برخاست کے اصول، عیادت — ہر باب میں قرآنِ کریم اور احادیثِ رسولؐ کی روشنی میں بڑی تفصیل سے متعلقہ معلومات جمع کر دی گئی ہیں۔ طبِ نبوی کوئی طب کی کتاب نہیں اور نہ ہی رسولِ مقبولؐ کے منصب کے پیشِ نظر ایسی جسارت کی جا سکتی ہے بلکہ یہ کتاب حضورؐ کی سیرت کے ایک خاص پہلو سے متعلق ہے اور اسی حیثیت سے اس کا مطالعہ کرنا چاہیے۔ حافظ نذر احمد صاحب نے بڑی محنت اور بڑے سلیقے سے مرتب کیا ہے۔

(خواجہ عبدالستار راز)

© rasailojaraid.com
محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ